سوال

(102)مکہ مکرمہ میں بدو لوگ حج کو بیچتے ہیں   الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مکہ مکرمہ میں بدو لوگ حج کو بیچتے ہیں۔ اور حج کو جانے والے ان کے پاس حج خرید کر اپنے سگوں کو بخشواتے ہیں۔ کیا ایسے حج مردوں کو پہنچ سکتے ہیں؟ اور مردوں کا حق ادا ہو سکتا ہے۔ (خریدار اہلحدیث نمبر9253)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حج یا کوئی اور شرعی فعل بحری کی چیز نہیں جو بک سکے۔ یہ محض دوکانداری ہے۔ حج بدل میں نیابت توثابت ہے۔ مگر خرید وفروخت نہیں نیابت یہ ہے کہ اس کی طرف سے نیت کرے۔ لبیک من فلان کہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد2 ص77

محدث فتویٰ